RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳ | مطبوعہ ۱۲ محرم سنہ ۱۳۱۲ ہجری روز دوشنبہ مطابق ۱۶ جولائی سنہ ۱۸۹۴ء | جلد ۶

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم
پریزیڈنٹ ریاست رامپور - واقع ۱۲ جولائی سنہ ۱۸۹۴ء

چونکہ کپتان ہیرویڈ صاحب بہادر ملٹری ایڈوائزر کی میعاد خدمت جو گورنمنٹ سے مستعار لی گئی تھی ختم ہونے کی وجہ سے صاحب موصوف اپنی جگہ پر واپس گئے اور تاوقتیکہ دوسرے شخص کی تجویز ہو کپتان کالون صاحب بہادر رزیڈنٹ پولیٹیکل افسر براہ مہربانی ملٹری ایڈوائزر کی جگہ پر کام کریں گے۔

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا خدمت مین صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کی مرسل ہو
کہ حسب ضابطہ اعلان کیا جاوے۔

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

نقل روبکار ہذا بریگیڈ آرڈر بک مین درج کیجاوے اور ایک نقل
اسکی فوراً اطلاعاً پاس جلد کمانڈنگ افسران مختلف رجمنٹ مرسل ہو
اور ایک نقل درج گزٹ کیجاوے۔

حکم اجلاس کامل واقع ۲ر جولائی ۱۸۹۴ع

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ استعفا
مسٹر کنگ صاحب بہادر سپرنڈنٹ پولیس منظور ہو نام اونکا
فہرست ملازمان ریاست سے خارج کیا جاوے اور اوس تاریخ تک
اونکو تنخواہ دیجاوے جس تاریخ کہ وہ چارج مسٹر کارڈن صاحب بہادر
سپرنڈنٹ حال کو دین۔ مثل بنابر اجرای احکام باجلاس صاحب
وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم　　دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو بہادر　　دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو۔
۵ر جولائی ۱۸۹۴ع

حکم اجلاس کامل واقع ۲ر جولائی ۱۸۹۴ع

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ لفٹنٹ
کارڈن صاحب بہادر بعہدہ سپرنڈنٹ پولیس بجای مسٹر کنگ
بمشاہرہ مبلغ پانسو روپیہ ماہواری منظور ہے مسٹر کارڈن
کو تنخواہ اوس روز سے دیجاوے جس روز سے کہ وہ
مسٹر کنگ سے کام چارج لین۔ مثل بنابر اجرای احکام باجلاس
صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم　　دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر　　دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر　　دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور ایک نقل
برای درج گزٹ بھیجی جاوے۔ ۵ر جولائی ۱۸۹۴ع

سرکلر نمبر ۳۸ مجریہ اجلاس خانبہادر صاحب ریونیو ممبر کونسل

واقع تاریخ ۲۷ر جون ۱۸۹۴ع

رجسٹر پڑتال نمبران خسرہ جو بتعمیل حکم ۱۲ر دسمبر ۱۸۹۱ع مطبوعہ گزٹ
نمبر ۵۳ - ۲۱ - دسمبر سنہ الیہ قانونگویان گرداور تحصیلات مرتب
کرتے ہین اوسکا خانہ (۵) واسطے اندراج تعداد نمبران خسرہ کی
معلوم ہوا کہ خانہ مذکور کی خانہ پری قانونگویان بالاختلاف کرتے ہین
بعض قانونگو سے کل تعداد گاؤن کے نمبرون کی خانہ مذکور مین
درج کرتے ہین اور بعض فصلوار نمبرون کا انتخاب خسرہ سے
کرکے فصل کے محاذی تعداد نمبرہا منتخبہ کی لکھتے ہین
حالانکہ اصل منشاء واسطے اندراج تعداد کل نمبران دیہ کے ہے

نقصوار۔ پس انتخاب کا کام شرائط خلاف منشار اور غلط ہی ہے
آیندہ جملہ گرداور قانونگویان خانہ مذکور میں کل تعداد نمبران
خسرہ کی درج کیا کریں۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۵ر جولائی ۱۸۹۴ء

توزیعات کے بھیجنے کے واسطے تاریخ ۵ ہر مہینے کی تحصیلداران نے
مقرر کرائی ہے کوئی وجہ نہیں کہ ختم مہینے کے بعد توزیع نہ آوے
جسوقت مہینہ ختم ہوا ایک روز میں وصول توزیع میں دیگر کاغذ مرتب
ہوسکتا ہے لہذا اب آیندہ مہینے سے دوسری تاریخ کو توزیع
ہمارے پاس آجایا کرے چنانچہ اس مہینے جون کی توزیع تحصیلدار
حضور تحصیل نے ہمارے پاس یکم تاریخ جولائی کو بھیجدی ہے۔

حکم ہوا کہ

تحصیلداران کو اطلاع دیجاوے اور روبکار ہذا درج گزٹ
بھی ہو۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

رخصت

۸ر جولائی ۱۸۹۴ء

نقشہ رخصت مولوی حفیظ اللہ خان منصرم عدالت ججی بدرخواست رخصت
یک ماہ از ۲۰ جولائی سنہ رواں لغایت ۲۰ر اگست ۱۸۹۴ء معہ تحریر صاحب جج بہادر
باشعار عدم حرج پیش ہوکر رخصت عاجی ۲۰ر جولائی سے ۲۰ر اگست
سنہ رواں منظور کی گئی۔

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر - واقعہ ۳۰ جولائی ۱۹۴۳ء

ملاحظہ ہوا - مع گزٹ ہو

روئداد کمیٹی میونسپل اور تحصیل سوار منعقدہ ۵ جون ۱۹۴۳ء

صاحبزادہ محمد سعادت یار خان صاحب تحصیلدار صدر نشین

سید غلام سبز نائب تحصیلدار سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

۱ منشی بالا پرشاد واصل باقی نویس -
۲ منشی عنایت علیخان عرائض نویس -
۳ منشی عاشق علی محرر صفائی -

غیر ملازمین

(۱) محمد نیاز بہادر خان مستاجر -
(۲) لالہ چنی لال بقال
(۳) لالہ سیدھی چند بجاز

ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- اکثر باشندگان سوار کے صحن مکانات میں اور بعض کے ملحق مکانات کوڑہ و راکھہ وغیرہ جمع رہتا ہے جس سے باعث تعفن آب و ہوا متصور ہے - اس کی نسبت تجویز و انتظام مناسب ہو کہ مکانداروں کو فہمائش و تاکید شدید کیجاوے تاکہ دیگر باشندگان بھی حوصلہ غیر صفائی کا نہو -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جن جن باشندگان سوار کے صحن مکانات میں خواہ باہر ملحق مکانات کوڑہ وغیرہ جمع ہے اور اوس سے واقعی صورت پیدائش آب و ہوا ناقص متصور ہے محرر صفائی اون اشخاص کو بتاکید تمام بمواجہہ سکرٹری کمیٹی فہمائش و ہدایت کردین کہ وہ لوگ بمیعاد چار یوم اپنے اپنے صحن مکانات کا کوڑہ و راکھہ وغیرہ اوٹھا کر کھیتون میں ڈالدین ورنہ اون سب پر مقدمہ قائم کیا جاویگا - صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا -
۲ - سوار خاص و کاشی پور وغیرہ میں اکثر اس موسم میں مکانات رعایا کے پیش دیگر گھاس و بنگ وغیرہ خودرو کثرت سے پیدا ہوجایا کرتی ہے جو باعث غیر صفائی اور تعفن کا ہے لہذا ہر شخص باشندہ دیہہ کو ممانعت تام ہو کر تاکید ہونی چاہئے کہ کوئی شخص	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی تمام بستی سوار و ٹیکہ کاشی پور میں فوراً باواز ڈہل منادی کرادین کہ جس جس شخص کے مکانات کے پیش دیگر اور ہر کوچہ میں گھاس بنگ وغیرہ جم گئی ہے وہ فوراً دو ہفتہ اوکہاڑ کر اپنا اپنا اگواڑا پچھواڑا صاف و درست کرادیوے ورنہ

اپنے مکانات کے گرد نواح میں ہرگز ننگٹ وغیرہ کو کھڑا اور جاہو انکو کہ جسکی وجہ سے باعث خرابی کا ہو۔	مستوجب بار بربس کا ہوگا۔ صاحب صدرنشین نے بھی اتفاق کیا۔
۲۔ مسمیٔ جید الال ساکنہ کاشی پور سوار کے مکان مسکونہ کی بدرو آب غلیظ وغیرہ قدیم بجانب پچھم واقع تھی اب نامبردہ نے برخلاف گذشتہ اوس اپنی بدررو کو بطور امر جدید بسمت پورب بااختیار خود ایک کوچہ تنگ میں برآمد کر لیا ہے جس سے فی الجملہ باعث تکلیف وہاں کے باشندگان کا ہی اسکی بابت کچھ تجویز ہونی چاہیئے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حضور صفائی سکرٹری کمیٹی کو معائنہ موقع کرادیں۔ اگر سکرٹری بدررو برآمد کردہ جدید جید الال کو امر جدید و بیجا دیکھیں تو نامبردہ پر تاکید انسداد کردیں ورنہ بحالت عدم مسدودی بدررو جدید کے اوسکے تجویز سزا کیجاویگی۔ صاحب صدرنشین نے بھی اتفاق رائے کیا۔

دستخط سید غلام شبیر نائب تحصیلدار سکرٹری

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۱۰ لغایت ۱۴ جولائی ۱۸۹۴ عیسوی

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہنود	تفصیل اموات: ایکسال سے ۵ سال تک مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	عورت	میزان مرد	عورت	تفصیل مذہب مسلمان	ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۳	۳۱	۳	۳۸	۷۵	۶	۶۹	۱۰	۹	۱	۰	۱۳	۹	۲۴	۱۸	۹	۳۳	۰	۰	۴۱	۱	۴۲	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
ٹانڈہ	۳	۱	۲	۴	۱۰	۵	۵	۳	۴	۲	۰	۷	۲	۱۱	۶	۳	۱۵	۰	۰	۰	۱۶	۱۸	۰
میزان	۶	۳۲	۵	۴۲	۸۵	۱۱	۷۴	۱۳	۱۳	۳	۰	۱۹	۱۱	۳۵	۲۲	۱۱	۴۸	۰	۰	۴۱	۱۸	۵۹	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۹ لغایت ۱۵ جولائی ۱۸۹۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۶ ار	۰	۰	۰	۱۶ ار	حضور تحصیل و ملک و سوار و بلاسپور نقشے نہیں آئے
نخود خالص	۰	۲۶ ار	۰	۰	۰	۱۹ ار	
نخود کسہ منیر	۰	۲۲ ار	۰	۰	۰	۲۳ ار	
کسیر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۵ ار	۰	۰	۰	۱۴ ار	
مونگ	۰	۱۵ ار	۰	۰	۰	۱۳ ار	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
جئی	۰	۲۷ ار	۰	۰	۰	۳۳ ار	
گوجئی	۰	۱۹ ار	۰	۰	۰	۲۰ ار	
عدس	۰	۲۱ ار	۰	۰	۰	۲۰ ار	
ارہر	۰	۲۳ ار	۰	۰	۰	۲۲ ار	
برنج	۰	۱۰ ار	۰	۰	۰	۱۰ ار	
روغن زرد	۰	ا رر	۰	۰	۰	ا رر	
روغن سیاہ	۰	۰۳ ار	۰	۰	۰	۰۲ ار	
روغن کنجد	۰	۲ ار	۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۰	۰	۰	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۱۰ ار	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور